Daily PUBLIC KARACHI
روزنامہ پبلک کراچی
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 12 | ہفتہ 26 ستمبر 2026ء، 13 ربیع الثانی 1448ھ، صفحات 4 قیمت 5 روپے | شمارہ 185

لانگ مارچ روکنے کی حکومتی تیاری مکمل پہاڑی راستے بھی بند

پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی کا احتجاج مؤخر کرنے کی تجویز

مارگلہ کے پہاڑوں سے اترنے والی پگڈنڈیوں پر بھی پولیس نفری تعینات ،سرینگر ہائی وے کو لنک کرنیوالی سڑکوں پر بھی کنٹینر پہنچا دیئے گئے

خیبر پختونخوا کی باؤنڈری پر کیل لگانے کا مطلب ہے کہ اس صوبے کو باقی پاکستان سے کاٹنے کی سازش ہو رہی ہے، سہیل آفریدی



اسلام آباد (نامہ نگار) تحریک انصاف کے احتجاج سے نمٹنے کی تیاریاں جاری ہیں جب کہ شاہراہ دستور میں کنٹینری کنٹینر لگا دیے گئے ہیں اور اسلام آباد کو خیبر پختونخوا سے ملانے والا پہاڑی راستہ بھی بند کر دیا گیا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ مارگلہ کے پہاڑوں سے اترنے والی پگڈنڈیوں پر بھی پولیس نفری تعینات کرنے کا پلان ہے جب کہ مارگلہ روڈ، سرینگر ہائی وے، اسلامہ پریس ہائی وے کو لنک کرنیوالی سڑکوں پر بھی کنٹینر پہنچا دیے گئے۔ اس کے علاوہ 26 نمبر چونگی فیض آباد، بی چوک، رواٹ پر کنٹینروں کی بڑی تعداد پہنچا دی گئی۔ ادھر ایف فائیو اٹک خورد ہل پر کنٹینرز کے بعد سوک پر ویڈ ہونی فوک دار گیلوں کی بڑی پلیٹوں کی تنصیب بھی جاری (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے بی سی آئی یو اور یو ایس پاکستان بزنس کونسل کا وفد ملاقات کر رہا ہے

موسمیاتی اہداف کے ثمرات عوام اور مقامی کمیونٹیز تک پہنچنے چاہئیں، وزیر خزانہ

موسمیاتی منصوبوں کیلئے مالی وسائل تک رسائی بھی ضروری ہے، ملکی سطح پر منصوبوں کو عملی شکل دینے کی صلاحیت بڑھانا ہوگی

اقدام کو صرف بات چیت تک محدود نہیں رہنا چاہیے، عملی اقدامات پر اتفاق رائے پیدا کرنا ہوگا' محمد اورنگزیب

نیویارک (آئی این پی) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ موسمیاتی اہداف کے ثمرات عوام اور مقامی کمیونٹیز تک پہنچنے چاہئیں۔ موسمیاتی منصوبوں پر محدود آمد کیلئے مضبوط پبلک فنانس بھی ضروری ہے۔ نیویارک میں موسمیاتی تبدیلی سے متعلق کانفرنس سے خطاب میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ موسمیاتی منصوبوں کیلئے مالی وسائل تک رسائی بھی ضروری ہے، موسمیاتی اہداف کے ثمرات عوام اور مقامی کمیونٹیز تک پہنچنے چاہئیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ موسمیاتی منصوبوں کیلئے مالی وسائل تک رسائی بھی ضروری ہے، ملکی سطح پر منصوبوں کو عملی شکل دینے کی صلاحیت بڑھانا ہوگی، اقدام کو صرف بات چیت تک محدود نہیں رہنا چاہیے، عملی اقدامات پر اتفاق رائے پیدا کرنا ہوگا، بین الاقوامی مالیاتی اداروں، موسمیاتی فنڈ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

PTI کا لانگ مارچ موخر کرنے کا فیصلہ، صبا زکا

میچ فکس نہیں، اس بار ضرور جیتیں گے، حکومت خوفزدہ ہے، اسلام آباد کو کنٹینر سٹی میں تبدیل کر دیا گیا، ہم نے گولی یا بندوق کی سیاست نہیں کرنی، سہیل آفریدی

تحریک انصاف لانگ مارچ کیلئے مکمل تیار ہے، لانگ مارچ پرامن ہوگا، سرکاری وسائل استعمال نہیں کیے جائیں گے، شوکت یوسفزئی مارچ ختم کرنے کی تردید

اسلام آباد/پشاور (خصوصی رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے لانگ مارچ 5 اکتوبر تک موخر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پشاور میں پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی اجلاس ہوا جس میں تجویز دی گئی کہ 27 ستمبر کا لانگ مارچ موخر کر کے 5 اکتوبر کو کیا جائے۔ ذرائع نے بتایا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے ویسٹرگوہر کو درخواست کی کہ وہ دونوں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس کو فون کریں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اختلافات موجود ہیں، جنگ ختم کرنے کا فیصلہ واشنگٹن کو کرنا ہوگا

ایرانی صدر پزشکیان کا امریکا کو پیغام

اگر اختلافات مذاکرات کے ذریعے حل کیے جاسکتے ہیں تو ایک دوسرے کو قتل کرنے کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے

تہران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ جنگ کے خاتمے کے لیے کسی معاہدے تک پہنچنے کے لیے تیار ہے۔ پزشکیان

ایران (نیوز ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران امریکا کے ساتھ جنگ جاری رکھنا نہیں چاہتا اور تنازع ختم کرنے کا فیصلہ اب امریکا کو کرنا ہوگا۔ انہوں نے یہ بات امریکی نشریاتی ادارے فوکس نیوز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں کہی۔ پزشکیان کا کہنا تھا کہ اگر اختلافات مذاکرات (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی کمیسز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مارگلہ ہل میں پاکستان کی سب سے بڑی اور طویل ترین زپ لائن بنانے کا منصوبہ تیار

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) مارگلہ ہل میں پاکستان کی سب سے بڑی اور طویل ترین زپ لائن بنانے کا اعلان کر دیا گیا۔ کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے کہا کہ طویل صورت مارگلہ ہل کی وادیوں میں پاکستان کی سب سے بڑی اور طویل ترین زپ لائن قائم کی جائے گی۔ یہ زپ لائن 83.2 کلومیٹر طویل ہو (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

27 ستمبر کے لائحہ عمل سے متعلق مزید مشاورت کے بعد فیصلہ کریں گے

سہیل آفریدی کا محمود اچکزئی سے ٹیلیفونک رابطہ، لانگ مارچ کے حوالے سے ہدایات لیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ ذرائع کے مطابق سہیل آفریدی نے محمود خان اچکزئی سے لانگ مارچ کے حوالے سے ہدایات لیں اور کہا کہ پی ٹی آئی رہنماں کا مشورہ ہے لانگ مارچ معطل کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی نے سہیل آفریدی سے کہا کہ 27 ستمبر لانگ مارچ کال پر قرار رہی چاہیے۔ محمود اچکزئی نے کہا کہ 27 ستمبر کے لائحہ عمل سے متعلق مزید مشاورت کے بعد فیصلہ کریں گے۔

ہمت ہے تو آلانگ مارچ کرو، عطا تارڑ کا پی ٹی آئی کو چیلنج

یہ بزدل لوگ ہیں اسی لیے لانگ مارچ اور دھرنوں سے بھاگ رہے ہیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات عطاءاللہ تارڑ نے پاکستان تحریک انصاف کو چیلنج دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمت ہے تو آؤ لانگ مارچ کرو، یہ بزدل لوگ ہیں اسی لیے لانگ مارچ اور دھرنوں سے بھاگ رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عطاءاللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی والے دہشت گردوں کی مذمت نہیں کرتے، یہ دہشتگردوں کے سہولت کار ہیں، دہشتگردی کے فروغ میں ان کا ہاتھ ہے، امن و امان ٹھیک کرنا کے پی کی سہولتی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی تمام سیاسی جماعتیں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

افغانستان پاکستان سے لڑنے کی غلطی نہ کرے شکست اس کا مقدر ہوگی، ضیا لنگو

افغانستان اس غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ اس نے سوویت یونین کو شکست دی تھی، وزیر داخلہ

کوئٹہ (خصوصی رپورٹ) بلوچستان کے وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے افغانستان کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر اس نے پاکستان سے جنگ کی تو شکست اس کا مقدر ہوگی پاکستان اپنی خودمختاری اور دفاع کے لیے ہمیشہ تیار ہے۔ اپنے بیان میں میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ افغانستان غلط فہمی سے نکل کر اصل حقائق کو پہچانے اور ایک اچھے ہمسائے کی طرح پاکستان کے ساتھ رہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان اس غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ اس نے سوویت یونین کو شکست دی تھی اور اب وہ ایک بڑی طاقت بن چکا ہے۔ وزیر داخلہ بلوچستان نے الزام عائد کیا کہ افغانستان بھارت اور اسرائیل کے وسوں کے زور پر پاکستان سے لڑنا چاہتا ہے تاہم پاکستان کی فوج سرحدوں پر مکمل طور پر تیار ہے۔ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور دفاع (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)



باکو: وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے آذربائیجان میں دوسرے بین الاقوامی سرمایہ کاری فورم میں شریک ہیں

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کیلئے مشاورت، پی ٹی آئی لانگ مارچ ختم کرنیوالی ہے، فیصل کنڈی

گورنر راج ماضی میں بھی لگے ہیں یہ کوئی غیر آئینی اقدام نہیں، لانگ مارچ کے لیے پی ٹی آئی کی کوئی تیاری نہیں، گورنر کے پی کے

صوبے میں امن و امان کی صورتحال دیکھیں اور لانگ مارچ دیکھیں، صوبے میں کرپشن، ملاقاتوں نیت اور دہشتگردی ہو رہی ہے، میڈیا سے گفتگو

پشاور (آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے میں گورنر راج کے لیے مشاورت ہوئی ہے، گورنر راج ماضی میں بھی لگے ہیں یہ کوئی غیر آئینی اقدام نہیں۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے لوگ اب راہ فرار اختیار کر رہے ہیں، پی ٹی آئی آج یا کل لانگ مارچ ختم کرنے کا اعلان کر دے گی۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کے لیے پی ٹی آئی کی کوئی تیاری نہیں ہے، یہ اسلام آباد پر پرامن کی بانیاں کرتے ہیں لیکن ان کے لوگ خود فرار کی راہیں دے رہے ہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ گورنر راج کا امکان بھی ہے اور آئین میں اس کی گنجائش بھی ہے، صوبے میں امن و امان کی صورتحال دیکھیں اور لانگ مارچ دیکھیں، صوبے میں کرپشن، نااقابلیت اور دہشتگردی ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)



اسلام آباد: وزیر مملکت خزانہ اور ریونیو بلال اظہر کیانی آسان ٹیکس سکیم کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی نے ہمیشہ انتشار کی سیاست کی

احتجاج کی آڑ میں اشتعال انگیزی ہرگز قبول نہیں، گورنر پنجاب

پاکستان اس وقت کسی بھی قسم کے احتجاجی مظاہروں کا متحمل نہیں ہوسکتا

لاہور (خصوصی رپورٹ) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ شہری توقعا ئی سے استفادہ حاصل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، مولر بلیٹوں کی مقامی سطح پر تیاری ناگزیر ہے، احتجاج کی آڑ میں اشتعال انگیزی ہرگز قبول نہیں، پی ٹی آئی کے احتجاج میں سکھوں فورسز کے جوان شہید ہوئے۔ ان شہادت کا اظہار انہوں نے لاہور میں اوورسیز کنونشن کے زیر اہتمام بین الاقوامی سولر پاور کانفرنس کی تقریب سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں اوورسیز کنونشن کے سی ای او ذاکر خلجی اور چیئرمین محمد نعیم قریشی سمیت پوری دنیا کی سولر کمپنیوں کے نمائندگان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ لوگوں کا بڑی تیزی سے شمسی توانائی کی طرف رجحان قابل تحسین ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ ٹیکنالوجی میں بہت آنی چاہیے۔ جدید ٹیکنالوجی سے مستفید ہونے کے لیے نئوں اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شمسی توانائی کے استعمال (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

وزیراعلیٰ پنجاب کا بہترین کام کرنے پر ہسپتال آف دی منتھ کا اعزاز دینے کا اعلان

مطاہرہ کا شوق ورثے میں ملا، مریم نواز

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر ضلع میں نئی سٹی سکین مشین مہیا کرنے، موسمی اور عام امراض کیلئے ٹیلی میڈیسن سینٹر قائم کرنے کا حکم دیا

معلومات کی بھرمار کے موجودہ دور میں آج بھی اخبارات اطلاعات کا مستند ذریعہ ہے مگر کون معلومات کو رد کنا قابل تحسین و تنقید ہے مریم نواز شریف

لاہور (خصوصی رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے کلینک آن وہیل پراجیکٹ نے تاریخ رقم کر دی۔ مختصر مدت میں صرف 911 کلینک آن وہیل میں 3 کروڑ مریض منتقید ہوئے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے زیر صدارت ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں پنجاب میں 300 مریم نواز ہیلتھ کیئر (رورل ہیلتھ سنٹر) کو مکمل ہیلتھ کیئر میں بدلنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں پنجاب میں پہلی مرتبہ کلینک آن وہیل کے لئے ڈیجیٹل میڈیکل بائس متعارف کرانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ ڈیجیٹل میڈیکل بائس میں الٹرا ساؤنڈ، بلڈ شوگر، ای سی جی اور ای سی جی کی جائے گی۔ ڈیجیٹل میڈیکل بائس سے کیمرہ منسلک کر کے ٹیلی کانفرنس بھی ہو سکے گی۔ اسی طرح موبائل سے لنک ہونے والی سمارٹ الٹرا ساؤنڈ ڈیوائس بھی متعارف کرائی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)



اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی کمیسز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب حکومت کی طرح سندھ حکومت کے وسائل بھی بہتر ہوں

روشنیوں کے سفر کو مزید تیز کر دیں۔ ایم پی اے نواب تیمور تالپور کا تقریب سے خطاب

حیدرآباد (پ ر) سیمکو 7 جرمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کا روشنیوں کے سفر کے 72 ویں 11 کے وی پیرو فارم فیڈر کو ڈیجیٹلائزڈ فیڈر کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی مدد سے اور عوام کے بھرپور تعاون سے 11 کے وی پیرو فارم فیڈر کو زیرو ڈیجیٹلائزڈ کرنے پر سراہا دی عوام کو مبارکباد دیتا ہوں بالخصوص نواب تیمور تالپور ایم پی اے اس کے خاندان اور راناوقار احمد خان کو مبارکباد دیتا ہوں عمرکوٹ ڈویژن کا پہلا 5 واں فیڈر ہے، ایس ای میر پور خاص فرحان علی ڈاہری، ایکسین آپریشن ڈویژن عمرکوٹ علی رضا جتوئی اور اسکی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں، زیرو ڈیجیٹلائزڈ ہونے سے معاشی ترقی ہوگی اسکول، اسپتال اور زراعت کی ترقی ہوگی، سیمکو کا روشنیوں کا سفر عوام کے بھرپور تعاون سے کامیابی سے جاری ہے، جس کا حکومت آج پیرو 72 واں 11 کے وی پیرو فارم فیڈر رسامارہ کا زیرو ڈیجیٹلائزڈ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)



جسکو پیپ کنگ کنگ ظفر اقبال جتوئی اسلام آباد، ڈاکٹر فیصل جتوئی ایم پی اے نواب تیمور تالپور، ایس ای آپریشن میر پور خاص فرحان علی ڈاہری، ایکسین عمرکوٹ علی رضا جتوئی اور دیگر افسران 132 کے وی گرڈ اسٹیشن کے 11 کے وی پیرو فارم فیڈر کو زیرو ڈیجیٹلائزڈ کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آئی ایم ایف کے زیادہ تر اہداف پر پیشرفت مکمل

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان پالیسی سطح کے مذاکرات شروع ہونگے، رپورٹ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان پالیسی سطح کے مذاکرات پیر سے شروع ہوں گے زیادہ تر اہداف پر پیشرفت مکمل ہو چکی ہے تاہم، ٹوکر سیکٹر ڈی ریگولیشن پر تحفظات برقرار ہے، کرپشن کے خطرات کم کرنے کیلئے آئی ایم ایف کی مشاورت سے جامع الیکشن پلان بھی زیر غور ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان پالیسی سطح کے مذاکرات کا آغاز پیر سے ہوگا، پاکستان نے زیادہ تر اہداف پر پیشرفت مکمل کر لی، پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان ٹوکر سیکٹر کی ڈی ریگولیشن کیلئے تیار ہیں تاہم سندھ کے اعتراض کے باعث پیش رفت نہ ہو سکی، ٹیکس اصلاحات اور گورننس کے متعدد اہداف پر پیش رفت جاری ہے۔ دسمبر 2026 تک ٹیکس اصلا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)



مشیر وزیراعلیٰ پنجاب علی ڈارو، لنڈ ویک گروپ کے کنٹری ڈائریکٹر شمیل روفی کی قیادت میں وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

چمن سیکٹر پر افغان جارحیت اور اندازی کی کوشش ناکام، متعدد طالبان ہلاک

جارحیت کرنے والی افغان طالبان ٹیم کی پوسٹوں کو کواڈ کاپٹر اور مارٹر فائر سے نشانہ بنایا گیا

چمن (خصوصی رپورٹ) پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ جس میں متعدد طالبان ہلاک ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق چمن سیکٹر میں پاک افغان سرحدی علاقے پر افغان جارحیت اور دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ اس کارروائی میں متعدد طالبان ہلاک ہوئے۔ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

پنجاب حکومت نے 62 جونیئر کلرکس کو گریڈ 14 میں ترقی دیدی، سینئر کلرک مقرر

لاہور (خصوصی رپورٹ) پنجاب حکومت نے مختلف محکموں کے گریڈ 11 کے 62 جونیئر کلرکس کو گریڈ 14 میں سینئر کلرکس کے عہدے پر ترقی دینے کے احکامات جاری کر دیے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 14 میں سینئر کلرک کے عہدے پر ترقی پانے والوں میں مس نگہی بتول، وقاص جاوید، محمد عرفان، علی رضا، مس سمیرا نواز، مس عفتہ بابر، مس سائرہ افتخار خان، زین العابدین، مجاہد حسین، محمد شہروز فاروق محمد (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

آزاد کشمیر میں 20 ارب روپے کے پیکیج اور 100 روزہ منصوبے پر عمل ہوگا، امیر مقام

پونچھ سے صدر کا انتخاب ہونے سے وہاں ایک مثبت پیغام گیا، احتجاج کرنے والے اٹھ جائیں اور نظام کا حصہ بنیں

دھرنوں اور احتجاج سے نقصان عوام کا ہی ہوتا ہے، خیبر پختونخوا میں سب سے بڑا مسئلہ دہشت گردی ہے، وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ کشمیر کے بارے میں نواز شریف اور مریم نواز کے اعلانات پر عمل ہوگا، 20 ارب روپے کے پیکیج اور 100 روز منصوبے پر آزاد کشمیر میں حکومت عمل کرے گی۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کے دوران امیر مقام نے کہا کہ آزاد کشمیر کا صدر، چیف جسٹس کو بنایا گیا ہے جن کا تعلق پونچھ ڈویژن سے ہے، پونچھ سے صدر کا انتخاب ہونے سے وہاں ایک مثبت پیغام گیا ہے۔ انہوں نے جمہوریت کا ساتھ دینے پر کشمیری عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر میں قانون سازی کا تمام عمل اگلے انداز سے مکمل ہوا ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا ہے کہ احتجاج کرنے والے اٹھ جائیں اور نظام کا حصہ بنیں، کیونکہ دھرنوں اور احتجاج سے نقصان عوام کا ہی ہوتا ہے۔ امیر مقام نے یہ بھی کہا کہ خیبر پختونخوا دہشت گردی سے شدید متاثر ہونے والا صوبہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)



وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس کمیونٹی سے خطاب کر رہے ہیں

پشاور، دو یات سیکنڈل ملزم نے نیب کیساتھ 42 ملین کی پلی بارگین کرلی

پشاور (خصوصی رپورٹ) دو یات سے متعلق سکینڈل میں ملزم نے قومی احتساب بیورو (نیب) کیساتھ کروڑوں روپے کی پلی بارگین کرلی۔ ترجمان نیب کی جانب سے جاری بیان کے مطابق کرنٹ ملزم شہباز نے نیب کیساتھ 42 کروڑ 20 لاکھ روپے کی پلی بارگین کی۔ چیئرمین نیب کی ملزم کی پلی بارگین کی درخواست منظوری کے بعد احتساب عدالت نے بھی توثیق کر دی۔ بیان میں ترجمان نے بتایا کہ ملزمان پر کے پی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

وزیراعظم کا محمود خان اچکزئی کو ایک اور خط، مذاکرات کی دعوت

اپوزیشن ترجمان اخوانزادہ حسین یوسفزئی نے خط موصول ہونے کی تصدیق کر دی

حکومت ماضی کی ملاقاتوں کی کمٹمنٹ سے پیچھے ہٹتی نظر آرہی ہے، اپوزیشن ترجمان کا بیان

اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کو ایک اور خط لکھ کر انہیں مذاکرات کی دعوت دے دی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی جانب سے خط میں مذاکرات کی دعوت دی گئی، وزیراعظم کی جانب سے اپوزیشن لیڈر کو ملاقات اور الیکشن کمیشن تعیناتیوں سے متعلق خط لکھا گیا۔ اپوزیشن ترجمان اخوانزادہ حسین یوسفزئی نے خط موصول ہونے کی تصدیق کر دی۔ اخوانزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ حکومت ماضی کی ملاقاتوں کی کمٹمنٹ سے پیچھے ہٹتی نظر آرہی ہے، خط موصول ہوا ہے، رانا ثناءاللہ اور دیگر سے توقع ہے اپنی زبان پر قائم رہیں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی جانب سے خط میں مذاکرات کی دعوت دی گئی، وزیراعظم کی جانب سے اپوزیشن لیڈر کو ملاقات اور الیکشن کمیشن تعیناتیوں سے متعلق خط لکھا گیا۔ اپوزیشن ترجمان اخوانزادہ حسین یوسفزئی نے خط موصول ہونے کی تصدیق کر دی۔ اخوانزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ حکومت ماضی کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

مکہ دفاعی اتحاد کے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ کا سعودی سلامتی کمیٹی اجلاس طلب کا اعلان

سعودی عرب کو اپنے دفاع کیلئے مناسب اقدامات کا حق حاصل ہے مکہ معاہدے کے کسی ایک فریق پر جارحیت تمام فریقوں پر حملہ تصور ہوگی

ملاقات میں مکہ دفاعی معاہدے پر پیش رفت کا جائزہ، مکہ دفاعی معاہدے کے قیام پر تبادلہ خیال، علاقائی و عالمی سلامتی کی صورتحال پر بات چیت

نیویارک (آئی این پی) مکہ دفاعی اتحاد نے سعودی سلامتی کمیٹی تمام ضروری اقدامات کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ نیویارک میں سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ کا اجلاس ہوا، اجلاس میں مکہ مکرمہ اور سعودی عرب میں شہری و اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی مذمت کی گئی۔ شرکا نے واضح کر دیا کہ سعودی عرب کو اپنے دفاع کیلئے مناسب اقدامات کا حق حاصل ہے۔ مکہ معاہدے کے کسی ایک فریق پر جارحیت تمام فریقوں پر حملہ تصور ہوگی۔ مکہ معاہدے کے تحت جنرل سیکریٹریٹ، کمیٹیوں اور ورکنگ گروپس کے قیام میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ریاستوں کی خودمختاری کے احترام اور اندرونی معاملات میں عدم مداخلت پر زور دیا گیا۔ خلیج میں بحری جہاز رانی کی سلامتی اور آزادی یقینی بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا، پاک سعود پر ترک وزرائے خارجہ نے خطے میں امن (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)



پاکپتن: ڈپٹی کمشنر آصف رضا ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

Scanned with CamScanner

Scanned with CamScanner

ANF کی کارروائیاں، 5 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد

اے این ایف کی ملک بھر میں کارروائیاں، 5 کروڑ روپے سے زائد مالیات کی منشیات برآمد

کارروائیوں کے دوران 3 خواتین سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کرکے مقدمات درج کرلیے گئے، ترجمان

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس نے کراچی سمیت ملک بھر میں کارروائیوں کے دوران 5 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کرلیں، ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، کارروائیوں کے دوران 15.118 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی، جس کی مالیت 5 کروڑ 6 لاکھ روپے لگ بھگ تھی، مقدمہ کارروائیوں میں 3 خواتین سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، بیان میں کہا گیا کہ کراچی میں واقع کوریئر آفس میں خفیہ اطلاع پر کارروائی عمل میں لائی گئی، جس کے دوران آسٹریلیا بھجوائے جانے والے پارسل کی جانچ کے دوران پارسل میں موجود لیڈیز کپڑوں میں مذہب 16 کلوگرام آئس برآمد کی گئی، اسی طرح بلوچستان کیچ کے علاقے خانوزئی ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر کے قریب گاڑی سے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر تھرڈ انٹرنیشنل سولر پاور کالیج لیڈرسول ایکسیلنس کی تقریب میں نمایاں کارکردگی کی حامل کمپنیز میں شیلڈز تقسیم کررہے ہیں

وفاقی ہسپتالوں میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے انسپکشنز کا سلسلہ جاری

اسسٹنٹ کمشنرز کا مختلف ہسپتالوں کا دورہ، صفائی ستھرائی، ڈینگی ایس او پیز، آکسیجن اور ادویات کی دستیابی سمیت دیگر انتظامی امور کا جائزہ

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی دارالحکومت کے ہسپتالوں میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے آکسیجن کا سلسلہ جاری ہے، اسسٹنٹ کمشنرز نے مختلف ہسپتالوں کا دورہ کرکے صفائی ستھرائی، ڈینگی ایس او پیز، آکسیجن اور ادویات کی دستیابی سمیت دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا، اسسٹنٹ کمشنر سٹی نے پولی کلینک اور ڈی ایچ ہسپتال بھیکہ اسسٹنٹ کمشنر آئی جی ان نے پمز کا دورہ کیا۔ اسی طرح اسسٹنٹ کمشنر پوٹھوہار نے معروف ہسپتال کا معائنہ کیا جبکہ اسسٹنٹ کمشنرز نے مختلف ہسپتالوں کا دورہ کرکے صفائی ستھرائی، ڈینگی ایس او پیز پر عملدرآمد کا جائزہ لیا، انہوں نے آکسیجن اور ادویات کی سپلائی کے عمل کا بھی معائنہ کیا جبکہ ہسپتالوں میں آکسیجن اور میڈیسن کے موجود سٹاک کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ حکام سے ضروری معلومات حاصل کیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق ہسپتالوں میں آکسیجن اور ادویات (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کیلئے آن لائن اپائنٹمنٹ نظام متعارف کرادیا گیا

جدہ (خصوصی رپورٹر) سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کیلئے نیا آن لائن اپائنٹمنٹ نظام متعارف کرادیا گیا، یکم اکتوبر 2026 سے نادرا اور ایم آر پی سروسز صرف اپائنٹمنٹ کے ذریعے فراہم کی جائیں گی، قونصل جنرل جاوید مصطفیٰ رمانی نے نئے نظام کا افتتاح کیا جس کا مقصد قونصلر سروسز کو مزید منظم اور شہریوں کیلئے آسان بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آن لائن اپائنٹمنٹ کی بکنگ 20 ستمبر سے شروع کردی گئی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)



شالنگھ: موسلا دھار بارشوں کے بعد شاہراہ قراقرم پر بشام کے مقام پر مقامی نالے میں طغیانی کے بعد ہیوی مشینری کے ذریعے صفائی کا کام جاری ہیں

صدر نجیب نقی آزاد خطے کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کرینگے، راجہ سکندر

عوام کو ایسی قیادت کی ہی ضرورت ہے جو سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر وسیع تر قومی اور عوامی مفاد میں فریقین کو یکجا کر سکے

شہریوں کے حقوق و وقار کا تحفظ اور امن کا قیام اولین ترجیحات میں شامل رہنا چاہیے، پیپلز مین پاک کشمیر سپریم کونسل

لندن (وقائع نگار) جموں و کشمیر کے نومنتخب صدر کونسل مہارکاز گلوبل پاک کشمیر پیپلز مین کونسل راجہ سکندر خان نے آزاد جموں و کشمیر کے نومنتخب صدر نجیب نقی اور ان کی کابینہ کو مبارکباد پیش کی ہے۔ راجہ سکندر خان نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ آزاد جموں و کشمیر (AJK) کے نومنتخب صدر کو بے پناہ قوت، حوصلے، بصیرت اور دور اندیشی سے نوازے تاکہ وہ ملک کو مزید خوشحالی، ترقی، امن اور استحکام کی جانب گامزن کر سکیں اور آزاد جموں و کشمیر کو دنیا کے لیے ایک قابلِ تقلید نمونہ بنا سکیں۔ اس اہم موڑ پر، آزاد جموں و کشمیر کے عوام کو ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر وسیع تر قومی اور عوامی مفاد میں تمام متعلقہ فریقین کو یکجا کر سکے۔ امید ہے نئی حکومت ایک ایسی جامع، پائیدار اور تعمیری حکمت (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

زیرو ویسٹ آپریشن صفائی کے معیار میں کوتاہی نہ ہونے دی جائے، صفدر ساجد

شہریوں کو صحت مند ماحول فراہم کرنا ستھرا پنجاب ایجنسی کی اولین ترجیح ہے، غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

صفائی آپریشن کی مؤثر نگرانی جاری رکھی جائیگی، غفلت کے مرتکب ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی راجا صابر صفدر نے مختلف مقامات پر صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ علاقے میں زیرو ویسٹ آپریشن ہر صورت یقینی بنایا جائے اور صفائی کے معیار میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہ ہونے دی جائے۔ انہوں نے موقع پر موجود صفائی کے ہمراہ تھے، ایم ڈی راجا صابر صفدر نے مختلف مقامات پر صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ علاقے میں زیرو ویسٹ آپریشن ہر صورت یقینی بنایا جائے اور صفائی کے معیار میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہ ہونے دی جائے۔ انہوں نے موقع پر موجود صفائی ورکرز سے بھی بات چیت کی، ان کی کارکردگی اور مسائل دریافت کیے اور انہیں محنت، ذمہ داری اور مستعدی کے ساتھ فرائض انجام دینے کی ہدایت کی۔ راجا صابر صفدر نے کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا ستھرا پنجاب ایجنسی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)



الخدمت موبائل ہیلتھ یونٹ کے باہر مریض معائنے کیلئے موجود ہیں



راولپنڈی: امیر عبدالقدیر اعوان جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب کررہے ہیں

میلاد کانفرنس لیاقت باغ کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد دی

ڈاکٹر طاہر القادری کی تحریک منہاج القرآن راولپنڈی کے ذمہ داران سے آن لائن گفتگو

راولپنڈی (خصوصی رپورٹر) شیخ الاسلام ڈاکٹر طاہر القادری نے گزشتہ روز خصوصی ٹیلیفونک رابطہ چاندنی چوک میں موجود تحریک منہاج القرآن راولپنڈی کے عہدیداروں سے کینیڈا سے آن لائن ملاقات کی اور انہیں 12 ستمبر کو لیاقت باغ میں کامیاب میلاد کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد دی۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ دینی، روحانی اور تربیتی پروگراموں میں مصروف رہنے کی وجہ سے جہاں کارکنوں کو اللہ رسول کی خوشنودی، دنیاوی و اخروی سعادتیں نصیب ہوتی ہیں اور ان کی انتظامی صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا ہے، وہاں وہ بڑی مصیبتوں اور تحریکی سرگرمیوں سے بچے رہتے ہیں، لیاقت باغ جیسے تاریخی مقام پر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

چیئرمین سی ڈی اے کا نیشنل پولیس اکیڈمی کا دورہ

جاری ڈویلپمنٹ پراجیکٹ کی پیش رفت کا جائزہ لیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے نیشنل پولیس اکیڈمی (این پی اے) اسلام آباد کا دورہ کرکے سی ڈی اے کے زیر انتظام جاری ترقیاتی منصوبے پر فیلڈ وزٹ کا جائزہ لیا۔ دورے کا مقصد منصوبے پر کام کی رفتار، تعمیراتی کام کے معیار اور مقررہ معیارات کا جائزہ لینا جبکہ قانون کے مطابق منصوبے کی پیش رفت اور بروقت تکمیل کے لیے ضروری اقدامات کا تعین کرنا تھا۔ دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے نے جاری ترقیاتی منصوبے کا معائنہ کیا اور سائٹ پر کام کی رفتار اور تعمیراتی معیار کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام کام منظور شدہ ڈیزائن اور تکنیکی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

آئی جی کا سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز اور ماڈل جیل کا دورہ

انسداد دہشتگردی اقدامات اور تعمیراتی امور کا جائزہ لیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آئی جی اسلام آباد کیپٹل پولیس (ر) محمد سہیل چوہدری نے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز اور ماڈل جیل کا دورہ کرکے انسداد دہشتگردی اقدامات اور تعمیراتی امور کا جائزہ لیا، تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد کیپٹل پولیس (ر) محمد سہیل چوہدری نے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں ایس ایس پی سی ٹی ڈی مسعود خان نے انہیں انسداد دہشتگردی کے اقدامات، ضلع بھر میں جاری آپریشنز، حساس مقامات کی سکیورٹی اور افسران و اہلکاروں کی عملی تربیت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ آئی جی اسلام آباد نے سی ٹی ڈی کی محموی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے انسداد دہشتگردی کے اقدامات کو مزید مؤثر بنانے اور تربیتی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

آئی جی اسلام آباد کی سینئر پولیس افسران اور برانچ انچارجز سے ملاقات

شہری سہولت اور پبلک سروس ڈیلیوری بہتر بنانے پر زور، برانچ انچارجز کی شرکت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آئی جی اسلام آباد کیپٹل (ر) محمد سہیل چوہدری نے سینئر پولیس افسران اور برانچ انچارجز سے ملاقات کرکے شہری سہولت اور پبلک سروس ڈیلیوری بہتر بنانے پر زور دیا، تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد کیپٹل پولیس (ر) محمد سہیل چوہدری نے زیرو صدارت منعقدہ ہونے والے سینئر پولیس افسران اور برانچ انچارجز کے اجلاس میں ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد جواد طارق اور اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران و برانچ انچارجز نے شرکت کی۔ اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی سورتحال، شہریوں کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ایس ایس پی انویسٹیگیشن اور ایس پی ہیڈکوارٹرز کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

مدارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنانے کی ہدایت

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ اور ایس پی ہیڈکوارٹرز محمد سلیم ٹنگ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور مدارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مدارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہر وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ پنجاب (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

سندھ میں 20 ستمبر کو ہونے والے ایم ڈی کیٹ 2026 کا عبوری نتیجہ جاری

کراچی (خصوصی رپورٹر) سندھ میں 20 ستمبر کو ہونے والے ایم ڈی کیٹ 2026 کا عبوری نتیجہ جاری کردیا گیا، نتیجہ سکھر آئی بی اے لمحاتک سروسز نے جاری کیا، انتخابیہ کے مطابق نتائج میں کسی غلطی یا تضاد کی صورت میں امیدوار شکایت درج کراسکتے ہیں، ایم ڈی کیٹ نتائج سے متعلق شکایات 26 ستمبر کی شام 5 بجے تک جمع کرائی جاسکیں گی، سیا لمحاتک سروسز انتخابیہ کے مطابق نتائج کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ جامع مسجد منصورہ میں نماز جمعہ کے اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

جدت نے ہمیں ہر چیز سیکھا دی، نیت بنیاد خلوص ڈوبنے نہیں دیتا، امیر عبدالقدیر

سکرات الموت لمحات کے وقت مشکل اور آسانی کا تعین ہم نہیں کرسکتے، دل میں نفاق ہوگا تو سارے دعوے دھرے رہ جائیں گے

بخشش ہمارے اعمال سے نہیں اللہ کے کرم سے ہوگی، سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا جمعۃ المبارک اجتماع سے خطاب

راولپنڈی (نامہ نگار) ہر نفس کو موت کے دروازے سے گزرنا ہے، سکرات الموت کے لمحات کے وقت مشکل اور آسانی کا تعین ہم نہیں کرسکتے لہٰذا ایک لمحے کو بھی یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہیے کہ ہمارے اعمال کے بل بوتے پر ہی بخشش ہوگی، بخشش ہمارے اعمال سے نہیں اللہ کے کرم سے ہوگی، سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا جمعۃ المبارک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر چیز سکھا دی ہے لیکن بنیاد جو نیت ہے اس کی طرف ہماری توجہ نہیں ہے، تمام امور میں چاہے وہ عبادات کے ہوں یا معاملات کے ان سب میں بنیاد نیت ہے، آج سارا زور اس بات پر لگایا جارہا ہے کہ لوگ میرے بارے کیا سوچتے ہیں میری حیثیت کیا ہے؟ میرا ہر چیز سکھا دی ہے لیکن بنیاد جو نیت ہے اس کی طرف ہماری توجہ نہیں ہے، تمام امور میں چاہے وہ عبادات کے ہوں یا معاملات کے ان سب میں بنیاد نیت ہے، آج سارا زور اس بات پر لگایا جارہا ہے کہ لوگ میرے بارے کیا سوچتے ہیں میری حیثیت کیا ہے؟ میرا پہناوا اوڑھنا کیسا ہے میرا لائف سٹائل کیسا ہے، لیکن جو اصل ہے جسے نیت کہتے ہیں اس کو ہم نے بھلا دیا ہے، جس پر تمام اعمال کا دارومدار ہے، اگر دل میں نفاق ہوگا تو سارے دعوے دھرے رہ جائیں گے، اور اگر دل میں خلوص (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



اسلام آباد: سرک کے کنارے ایک متاثرہ خاتون ریاشکاروں کے لیے دوا جی کھانے کی چیز تیار کررہا ہے



راولپنڈی: بشپ آف اسلام آباد الائنس فار مینارٹیز ڈاکٹر طاہر القادری میلاد کانفرنس باغ میں کامیاب انعقاد پر لیڈرز سے آن لائن گفتگو کررہے ہیں

ڈی آئی جی جیاور ایس ایس پی آپریشنز کے مختلف تھانوں کے دورے

امن و امان کے قیام کے لیے پوری ذمہ داری سے فرائض سرانجام دینے کے احکامات جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم اور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاسم علی رضا نے مختلف تھانوں اور ڈیوٹی پوائنٹس کے دورے کرکے سکیورٹی اور شہری سہولتوں کا جائزہ لیا، پولیس افسران و جوانوں کو شہریوں کی شکایات پر بروقت و مؤثر داد رسی یقینی بنانے اور امن و امان کے قیام کے لیے پوری ذمہ داری اور دلجمعی سے فرائض سرانجام دینے کے احکامات جاری کیے، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس اسلام آباد قاسم علی وسیم اور ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاسم علی رضا نے شہر کے مختلف تھانوں، سہاجہ، امام بارگاہوں اور ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا اور سیکورٹی انتظامات، پولیس ڈیوٹی اور شہریوں کو فراہم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)



سیکرٹری ہاؤسنگ پنجاب نورالامین مینگل گریڈ 18 کے زیر تربیت افسران پر مشتمل وفد سے ملاقات کررہے ہیں

راولپنڈی ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری میں ملوث 4 گینگز کے 9 ملزمان گرفتار

قبضہ سے 11 مسروقہ موٹر سائیکل، آئی فون، رقم، مسروقہ گائے اور اسلحہ برآمد کرلیا گیا

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری اور دیگر وارداتوں میں ملوث 4 گینگز کے 9 ملزمان گرفتار کرکے 11 مسروقہ موٹر سائیکل، آئی فون، رقم، مسروقہ 3 گائے اور اسلحہ برآمد کرلیا، تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری اور دیگر وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 گینگز کے 9 ملزمان کو گرفتار کرلیا، زیر حراست افراد سے 11 مسروقہ موٹر سائیکل، آئی فون، رقم، مسروقہ 3 گائے اور اسلحہ برآمد ہوا، پکڑے گئے ملزمان سے پولیس نے 2 (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)



راولپنڈی، مون سون بارشوں سے متاثرہ خاتون رہائشگاہ پر کپڑے پھیلا رہی ہے

ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

چھینا گیا موٹر سائیکل، موبائل فون، مسروقہ رقم اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) واہ کینٹ پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار کرکے چھینا گیا موٹر سائیکل، موبائل فون، مسروقہ رقم اور اسلحہ برآمد کرلیا، تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کرلیا، زیر حراست گینگ سے چھینا گیا موٹر سائیکل، موبائل فون، مسروقہ رقم اور اسلحہ برآمد ہوا، ملزمان نے چند روز قبل خاتون شہری سے موبائل فون چھیننے کی بھی کوشش کی تھی، واہ کینٹ پولیس نے تھانہ ویمن انچارج انسپکٹر ثمینہ سلیم کی زیر نگرانی ٹیم تشکیل دی، ٹیم نے ملزمان کو ٹریس کرکے گرفتار کرلیا، ایس پی پوٹھوہار چوہدری اظہر علی نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ عدالت پیش کیا جائے گا۔

راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا

2 کلو سے زائد چرس، 5 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 6 ملزمان گرفتار کرکے 2 کلو سے زائد چرس، 25 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے دو ملزمان گرفتار کرکے 2 کلو 350 گرام چرس برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 15 لیٹر شراب برآمد کی، ہتالہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 10 لیٹر شراب برآمد کی، تلہ گنگ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا، نصیر آباد پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے، ڈی پی او اسلام پیز نے کہا کہ خلیات اور ماہانہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)



ریجا انتخابات، نومنتخب صدر مجاہد نقوی، نصرت شاہ، چودھری شفیع و دیگر عہدیداران کی فائل فوٹو

راولپنڈی، پولیو ٹیم کو حراساں اور مزاحمت کرنے والے دو افراد گرفتار

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) ریس کورس پولیس نے پولیو ٹیم کو حراساں اور مزاحمت کرنے والے دو افراد گرفتار کرلیے، تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پولیو ٹیم کو حراساں اور مزاحمت کرنے والے دو افراد کو گرفتار کرلیا، تھانہ مقدمہ کے مطابق ملزمان نے پولیو ورکرز کو حراساں کیا اور مزاحمت کی، ریس کورس پولیس نے فوری مقدمہ درج کرکے گرفتار کرلیا۔ ایس پی پوٹھوہار چوہدری اظہر علی نے کہا کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ پابان کیا جائے گا، شہری پولیو سے بچاؤ کے لیے تعاون کریں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، میٹروپولیٹن کی نئی ہاؤسنگ اسکیم ایگزیکٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے ممبران شیخ فاروق، اختر جمیل، ملک افتخار، رابعہ راحیل و دیگر کا مزدگی کے موقع پر گروپ فوٹو

میٹروپولیٹن کی نئی ہاؤسنگ اسکیم ایگزیکٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کا اعلان، شیخ فاروق صدر، اختر جمیل سیکرٹری جنرل نامزد

ملک افتخار نائب صدر، رابعہ راحیل صدر ویمن ونگ نامزد، ڈاکٹر طلعت شبیر نے نومنتخب عہدیداران میں نوٹیفکیشن تقسیم کیے

سیاسی اور کاروباری شخصیات کی شرکت، ایگزیکٹو ہاؤسنگ کے عہدیداران کو مبارکباد پیش، نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا

راولپنڈی (خبر نگار) تحریک انتظام پاکستان (TIP) راولپنڈی ڈویژن کے صدر رابعہ عاصم کھوکھر کی زیر صدارت راولپنڈی کی معروف کاروباری شخصیت شیخ فاروق کی رہائش گاہ پر اہم تحریبی منعقد ہوئی، جس میں TIP میٹروپولیٹن راولپنڈی کی نئی ایگزیکٹو ہاؤسنگ کا اعلان کیا گیا۔ ہاؤسنگ ہاؤسنگ میں شیخ فاروق صدر، میٹروپولیٹن ملک افتخار نائب صدر، میٹروپولیٹن ایڈووکیٹ اختر جمیل سیکرٹری جنرل جبکہ محترمہ رابعہ راحیل صدر ویمن ونگ نامزد ہوئیں۔ تحریب کے مہمان خصوصی ڈاکٹر طلعت شبیر نے نومنتخب عہدیداران میں نوٹیفکیشنز تقسیم کیے اور انہیں کامیابی ہاؤسنگ ہاؤسنگ میں شیخ فاروق صدر، میٹروپولیٹن، ملک افتخار نائب صدر میٹروپولیٹن ایڈووکیٹ اختر جمیل سیکرٹری جنرل جبکہ محترمہ رابعہ راحیل صدر ویمن ونگ نامزد،